© rasailojaraid.com

پیش نظر ہے، بلکہ اشتہاری محاذ بھی مضبوط نظر آتا ہے۔ چھپائی کے لیے اپنا پریس، اوّلین حلقۂ خریداری میں شامل ہونے کے لیے تنظیم اسلامی اور اس کے امیر کی بیعت کنندگان موجود! آگے خدا مدد کرے گا۔ ہماری اچھی تمنائیں اس کاروانِ صحافت کے ساتھ ہیں۔

---

خبر نامہ | ایڈیٹر: محمد یوسف اصلاحی۔ دفتر اشاعت: جامعۃ الصالحات، رام پور یو پی - ۲۴۴۹۰۱-

ہم آزاد ریاست کے شہریوں اور حکمرانوں کو شاید یہ معلوم کر کے خوشی کے ساتھ شرم آئے گی کہ بھارت کی مجبور و مقہور مسلمان اقلیت کی ایک صف نے باپردہ طالبات کے لیے ایک مدرسہ مع دارالاقامہ قائم کر لیا ہے اور اس وقت اسی مدرسے کا ترجمان خبر نامہ ہمارے سامنے ہے۔

دینی حکمتِ تعلیم، خواتین کی تعلیم کے لیے اسلام کی رہنمائی اور امتحانات، کورسز، اسٹاف اور خاص خاص تقریبات کا حال خبر نامے میں چھپتا ہے۔

تمام مسلمانانِ ہند اور جامعۃ الصالحات کو قائم کرنے والوں کی خدمت میں مبارک باد!

---

بچوں کی کہانیاں حصّہ اوّل | از جناب اکبر رحمانی - ناشر: ایجوکیشنل اکیڈمی، اسلام پورہ جلگاؤں ۴۲۵۰۰۱ بھارت - قیمت درج نہیں۔

اس کتابچے میں سادہ سے اندازِ طباعت کے ساتھ تین کہانیاں پیش کی گئی ہیں۔ کہانیاں دلچسپ بھی ہیں، بچوں کی نفسیاتی طلب کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور ان سے اخلاقی سبق بھی اخذ ہوتے ہیں۔

---


© rasailojaraid.com